کے نعتیہ ذخیرے میں ایک بیش قیمت اضافہ۔]

◉ **بلوچستان ایک مطالعہ**، ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ناشر: ادارۂ تصنیف و تحقیق بلوچستان، کوئٹہ۔ صفحات: ۱۸۰۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [پانچ اُردو اور تین انگریزی زبان میں مضامین پر مشتمل یہ بلوچی ادب و تاریخ پر عمدہ کتاب ہے۔ اس میں ڈاکٹر صاحب نے بہت محنت اور تحقیق سے مضامین لکھے ہیں۔ انگریزی زبان میں مضامین شخصیات پر ہیں، جب کہ دیگر ادبی شخصیات پر لکھے گئے ہیں جن میں رابعہ خزداری، غالب اور ناطق اور زیب مگسی شامل ہیں۔ بلوچی ادب میں عمدہ اضافے کے ساتھ ساتھ نئی تحقیق کے لیے بنیادی لوازمہ بھی ہے۔]

◉ **تاریخ بلگرام**، سید فرزند احمد صغیر بلگرامی۔ ناشر: صغیر بلگرامی اکیڈمی، فلیٹ نمبر ۱۰۳، کرسٹل ہومز، ۶۳ شرف آباد بالمقابل بیدل لائبریری، شرف آباد کلب، کراچی۔ صفحات: ۱۸۹۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [صغیر بلگرامی، مرزا غالب کے معاصر تھے۔ اپنے وطن بلگرام کی اس تاریخ میں وہاں کی مردم شماری، پھر مرثیہ خوانوں، مقاماتِ عجوبہ، اسلام و رواج وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ قدیم انداز و اسلوبِ کتابت اور متروک املا میں ـــــ یہ طبع اوّل کا عکس ہے۔ پروفیسر مختار الدین احمد کا عالمانہ مقدمہ، معلومات افزا ہے۔ بحیثیت ایک 'یادگار' کے محفوظ کرنے کی سعی کی گئی ہے۔]

◉ **علم**، **میاں محمد اشرف**، ناشر: فردغ علم اکیڈمی، ۱۱۷۹-۷۹-ماڈل ٹاؤن، ہمک اسلام آباد۔ صفحات: ۱۲۳۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [کتاب کا ضمنی عنوان: 'عیسائیت، اسلام اور مغرب کے حوالے سے، ایک مطالعہ'۔ مصنف کا موقف: مسلمانوں کو عروج، ان کے علمی کمال کے سبب، حاصل ہوا۔ آج علمی پستی کے سبب وہ زوال پذیر ہیں۔ ان کے لیے دوبارہ ترقی کرنا بجز علمی ترقی کے ممکن نہیں۔ مباحث: عیسائیت کی علم دشمنی، اسلام کی علم دوستی اور مغرب کی ترقی میں ان کی علم دوستی کا کردار ـــــ ایک دل چسپ کتاب ہے۔]

◉ **ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں**: حالات، علمی و ادبی خدمات، ڈاکٹر مسرور احمد زئی۔ ناشر: ادارہ انوار ادب، ۳۷۱-سی ون، یونٹ ۸، لطیف آباد، حیدرآباد، سندھ۔ صفحات: ۹۳۶۔ قیمت: ۵۰۰ روپے۔ [علمی و ادبی دنیا کی معروف فاضل شخصیت سابق صدر شعبہ اُردو سندھ یونی ورسٹی کے حالات اور علمی و ادبی کارناموں کا سیر حاصل جائزہ۔ بحیثیت روحانی بزرگ تعارف۔ ان کے اساتذہ اور شاگرد کا تعارف۔ اس تحقیقی مقالے پر مصنف کو ڈاکٹریٹ کی سند ملی۔]

خلاصۂ تراویح اور دعاؤں کے کتابچے مفت حاصل کریں: **ہم نے آج تراویح میں کیا پڑھا؟** تراویح کے دوران روزانہ پڑھے جانے والے قرآنِ کریم کے حصے کا خلاصہ اور **قرآنی و مسنون دعائیں** مفت تقسیم کی جارہی ہیں۔ خواہش مند خواتین و حضرات کم از کم ۸ روپے کے ڈاک ٹکٹ بنام ڈاکٹر ممتاز عمر T-473، کورنگی نمبر 2، کراچی-74900 کے پتے پر روانہ کر کے کتابچے حاصل کر سکتے ہیں۔